اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ڈسکہ، وزیرآباد، گجرات، کھاریاں، جہلم، کوٹلہ، جلال پور جٹاں کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی — مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

dailymakhlooq@gmail.com 0333-8133602

جلد نمبر 20 جمعرات 14 ذوالقعدہ 1445ھ، 23 مئی 2024ء، 10 جیٹھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 169

آج کی اچھی بات

دنیا میں سب سے غلیظ اور سب سے بھیانک آواز اُس اولاد کی ہے جو بد لحاظی اور چیخ کر والدین سے بات کرتا ہے!

# میاں محمد شفیع ایڈوائزر (انچارج) وفاقی محتسب نے نارووال میں کھلی کچہری لگائی

## کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سنیں



گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) میاں محمد شفیع ایڈوائزر (انچارج) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے مورخہ 2024-05-22 بروز بدھ کو نارووال میں ڈپٹی کمشنر آفس کمپلیکس میں واقع ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کے کمرے میں کھلی کچہری لگائی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کے سینئر افسران موجود تھے۔ کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سنیں ان اداروں میں گیپکو سوئی گیس، پوسٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، نادرا، سٹیٹ لائف انشورنس، پاسپورٹ، یوٹیلٹی سٹورز کارپوریشن، ای او بی آئی اور وفاقی حکومت کے دیگر ادارے شامل تھے۔ اس موقع پر تقریبا 15 کے قریب لوگوں نے شرکت کی اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور جناب میاں محمد شفیع سے درخواست کی کہ ان کے مسائل کو حل کروایا جائے۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران بھی حاضر ہوئے۔ جناب میاں محمد شفیع نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کی کہ تمام شکایت کنندگان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پہ حل کیے جائیں۔ کھلی کچہری کے انعقاد کے بعد جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس، گوجرانوالہ نے لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، پوسٹل لائف انشورنس، سٹیٹ بینک، پاسپورٹ آفس وغیرہ کے خلاف (17) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، پوسٹل لائف انشورنس، سٹیٹ بینک اور پاسپورٹ آفس کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (15) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (2) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ بعد ازیں جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ لوگوں کو وفاقی محتسب کے دفتر کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں ہماری مدد کی جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاقی محتسب آفس سے رجوع کریں۔


پاکستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا کثیر الاشاعت اخبار

Daily Muhafiz Pakistan

روزنامہ محافظ پاکستان کراچی

چیف ایڈیٹر : میاں اظہر عباسی

جلد نمبر 1 | جمعرات 23 مئی 2024، 14 ذوالقعدہ 1445ھ 10 جیٹھ 2081 ب صفحات 4 قیمت 15 | شمارہ 278



# وفاقی محتسب آفس کے علاقائی سربراہ سید محمود علی شاہ نے کئی وفاقی اداروں کے خلاف درج شکایات کی سماعت کی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) سکھر میں وفاقی محتسب آفس کے علاقائی سربراہ سید محمود علی شاہ نے کئی وفاقی اداروں کے خلاف درج شکایات کی سماعت کی۔ ان ایجنسیوں میں سکھر اور لاڑکانہ میں ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوٹ (EOBI) کے دفاتر، پاکستان ریلوے اور سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنی (SEPCO) سکھر، شکارپور اور قمبر-شہدادکوٹ شامل ہیں۔ سید محمود علی شاہ نے تمام شکایات کا جائزہ لینے کے بعد ہر کیس کے فیصلے سنائے اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں کو ان فیصلوں پر جلد عملدرآمد کرنے کی ہدایت کی۔

ظالموں کیخلاف مظلوموں کی آواز روزنامہ عوامی دنیا

**DAILY AWAMI DUNIYA GUJRANWALA**

چیف ایڈیٹر
چوہدری عثمان سندھو

سرپرست اعلیٰ
چوہدری سمیع اللہ رہاڑ

روزنامہ عوامی دنیا
گوجرانوالہ
پاکستان

چیف ایگزیکٹو پیر سید صادق علی شاہ 0322-882222

جلد نمبر 10 | جمعرات 14 ذوالقعدہ 1445ھ 23 مئی 2024ء 10 جیٹھ | شمارہ نمبر 226

# محتسب اعلیٰ کا ادارہ عوام کو بروقت اور سستا انصاف فراہم کرتا ہے، افشان صابر

## وفاقی اداروں کے متاثرین اپنے مسائل کے حل کیلئے اس ادارے سے رجوع کرے، ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ



شیخوپورہ (بیوروچیف سید طیب شاہ گیلانی) ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ مس افشاں صابر نے کہا ہے کہ محتسب اعلیٰ کا ادارہ عوام کو بروقت اور سستا انصاف فراہم کرتا ہے وفاقی اداروں کے متاثرین اپنے مسائل کے حل کیلئے اس ادارے سے رجوع کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ای واپڈا سرکل شیخوپورہ کے دفتر میں کھلی کچہری کے انعقاد میں سائلین کی دادرسی کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔واضح رہے کہ ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلی مس افشاں نے حقائق پر مبنی درخواستوں پر احکامات سائیلین کے حق میں دیئے جبکہ 27 کے قریب جرمانے اور بجلی چوری کے کیس سنے اور ان کا صارفین کے حق میں جو بنتا تھا موقع پر ہی فیصلہ کر کے عملدرآمد بھی کروایا گیا ہے اس موقع پر پی اے افتخار احمد، ایکسین رورل محمد رضوان قریشی، کے علاوہ ایکسین سٹی عامر نواز، ایکسین مریدکے، فاروق آباد، ایس ڈی او جنڈیالہ روڈ، ایس ڈی او کھاریانوالہ محمود علی، بھی موجود تھے ڈائریکٹر وفاقی محتسب نے بجلی صارفین کو تنگ کرنے ان کو بھاری جرمانہ کرنے اور بجلی چوری کے جھوٹے الزامات عائد کرنے کی صارفین کی درخواستوں کی سماعت کی اور 27 کیسوں میں جو صارفین کا بنتا تھا موقع پر ہی فیصلہ سنایا۔

Member | Member | سانول گروپ آف نیوز پیپرز کے تحت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار | ABC
APNS | CPNE | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت (سرکاری عدالتی اشتہارات کیلئے منظور شدہ) | CERTIFIED
www.bhakkartimes.com.pk
Daily BHAKKAR TIMES
مسلسل اشاعت کے 25 سال
بانی: محمد ذوالقرنین سکندر (مرحوم)
روزنامہ
بھکر ٹائمز
چیف ایگزیکٹو: محمد حفیظ اللہ شاہ ہاشمی
چیف ایڈیٹر: محمد سبط الحسنین
جلد 28 | جمعرات 23 مئی 2024ء، 14 ذیقعد 1445ھ، 09 جیٹھ 2078 ب صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ 255

# وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون کو پنشن کے بقایاجات مل گئے

خاتون نے درخواست دائر کی تھی سائلہ کو پوسٹ آفس پشاور والے پنشن کے بقایاجات کی مد میں 2019 سے بقایاجات ادا نہیں کر رہے

## انکوائری کے بعد اکاونٹ آفیسر نے خاتون کو بقایاجات کی مد میں 8 لاکھ 45 ہزار روپے سائلہ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دیئے

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب کے حکم پر خاتون کو پنشن کے بقایاجات 8 لاکھ 45 ہزار روپے ادا کر دیئے گئے وفاقی محتسب ڈیرہ میں عوامی خدمت کا سفر رواں دواں وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کا ایکشن درخواست گزار خاتون کو اس کا حق دلا دیا۔ڈیرہ اسماعیل خان وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کو ایک خاتون نے درخواست دائر کی تھی سائلہ کو پوسٹ آفس پشاور والے پنشن کےبقایا جات کی مد میں 2019 سے بقایاجات ادا نہیں کر رہے جبکہ

باقی صفحہ 3 نمبر 14

سائلہ نے بار بار درخواستیں دیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ با لآخر مجبور ہو کر وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکٹایا۔سائلہ کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے ریجنل انچارج سنگ مرجان خان محسود نے فوری انکوائری کا آغاز کر دیا اور پوسٹ آفس پشاور کے افسران کو دفتر طلب کر کے کیس کی تفصیلات حاصل کیں۔جس کی روشنی میں پوسٹ آفس کے اکاونٹ آفیسر نے خاتون کو بقایاجات کی مد میں 8 لاکھ 45 ہزار روپے سائلہ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دیئے ۔ جس پر سائلہ نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ، ریجنل انچارج سنگ مرجان محسود اور ان کے دفتر والوں کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ اس کا پنشن کے بقایاجات کا کیس تقریبا 5 سال سے زیر التوا تھا ۔جبکہ وفاقی محتسب کے آفس میں شکایت کرنے سے تقریبا تیس دن میں میری دادرسی ہوئی اور میرا حق مجھے مل گیا اور وفاقی محتسب ادارے کو بہت سی دعائیں دیں۔وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے انچارج جناب سنگ مرجان محسود نے مزید کہا کے ہمارا ادارہ اعجاز احمد قریشی محتسب اعلی کی سربراہی میں غریب اور نادار عوام کو سستے اور فوری انصاف کے حصول کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔